سوال

والفجر سے مراد سحری کا وقت ہے یا نماز فجر کا وقت

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

وَالْفَجْرِ: ''اَلْفَجْرِ'' سے مراد صبح ہے۔ سورۂ تکویر میں بھی یہ قسم مذکور ہے: «وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ» [التکویر: ۱۸] ''اور قسم ہے صبح کی جب وہ سانس لیتی ہے۔'' ضروری نہیں کہ اس سے کسی خاص دن کی صبح ہی مراد لی جائے، ہر صبح ہی قیامت کی دلیل ہے، جس کے ساتھ سوئی ہوئی مخلوق بیدار ہو جاتی ہے اور موت کے بعد اٹھنے کا منظر سامنے آ جاتا ہے۔ (تفسیر القرآن الکریم از عبد السلام بھٹوی رحمہ اللہ)

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث